نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت ملتان میں گندم کی کاشت بارے اجلاس کا انعقاد

گندم کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں، افتخار علی سہو

صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 60 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے، سیکرٹری زراعت پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کیلئے اربوں روپے کی لاگت سے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے، افتخار علی سہو

لاہور: 02 نومبر 2024 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ گندم کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 60 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گندم کے کاشتکاروں کیلئے اربوں روپے کی لاگت سے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں گندم کی کاشت بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ سروس عبدالقیوم، چیف سائنٹسٹ آری ڈاکٹر ساجد الرحمان سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 25 ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کرنیوالے کاشتکاروں کیلئے 1000 ٹریکٹرز جبکہ ساڑھے 12 سے 25 ایکڑ گندم کی کاشت پر 1000 لیزر لینڈ لیولرز بذریعہ قرعہ اندازی مفت فراہم کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 1 تا ساڑھے 12 ایکڑ تک گندم کی کاشت پر کاشتکاروں کو کسان کارڈ کے ذریعے بلاسود قرض سے زرعی مداخل کی خریداری کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح پر گندم کے پیداواری مقابلہ جات منعقد کرائے جائیں گے۔ گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کی فراہمی بارے فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ گندم کا بیج گزشتہ سالوں کی نسبت تقریباً 2 ہزار روپے فی تھیلہ سستا ہے۔ گندم کی کاشت کیلئے انٹرنیز کو خصوصی ٹاسک سونپا جائے۔ صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح پر قائم کمیٹیوں کے باقاعدگی سے ہفتہ وار اجلاس منعقد کئے جائیں۔ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائے۔ گندم کی کاشت کے دوران نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ گندم کی کاشت کے اہداف حاصل کرنے والے افسران کو انعامات اور تعریفی اسناد بھی دی جائیں گی جبکہ گندم کے اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران وعملہ سے پوچھ گچھ کی جائے گی۔

☆☆☆☆